© rasailojaraid.com



ایک فہرست کی تیاری کا کام بھی جاری ہے، تاکہ قرآن مجید میں جو احکام (اوامر و نواہی) بیان ہوئے ہیں ان کو مناسب شکل میں مرتب کر دیا جائے۔ اور قانون سازی میں آسانی ہو۔

کونسل نے رائج الوقت قوانین کو اسلامی سانچے میں ڈھالنے کے سلسلے میں بھی کام کا نئے سرے سے آغاز کر دیا ہے اور وہ اس طرح کہ اب تک جن قوانین پر سابقہ کونسلیں اپنی رائے دے چکی ہیں اور جو آراء مختلف اجلاسوں کی کارروائیوں اور رپورٹوں کی شکل میں منتشر اور پھیلی ہوئی ہیں ان کو جلدوار مرتب کیا جائے۔ اس سلسلے میں جن قوانین پر سابقہ کونسلوں نے رائے نہیں دی ہے، ان پر غور کر کے یہ کونسل اپنی رائے حکومت کو پیش کرے گی۔ چنانچہ کونسل اس سلسلے میں پاکستان کوڈ کے جلد اوّل میں مندرج اکیاون قوانین پر اپنی رائے منضبط کر کے ایک رپورٹ طبع کرا چکی ہے۔ امید ہے کہ یہ سلسلہ جاری رہے گا اور وقفے وقفے سے کونسل پاکستان کوڈ کی بقیہ جلدوں پہ بھی اپنی آراء اور تبصرے مرتب کرنے کے بعد طبع کرائے گی۔ اور حکومت کو پیش کرے گی۔ یہ کام خاصا طویل، دشوار اور محنت طلب ہے لیکن اُمید ہے کہ کونسل اپنے ممبران اور پاکستان کے دیگر ماہرین قانون کے تعاون سے اس کام کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکے گی۔

علاوہ ازیں کونسل نے ملکی انتخابات کے تعلق سے اسلامی نظام حکومت کے ڈھانچے کی تشکیل کے سلسلے میں بھی بہت سا کام کر لیا ہے۔ امید ہے کہ کونسل ماہرین قانون، علماء کرام اور دیگر اصحاب علم و فکر کی آراء موصول ہونے کے بعد اپنی رپورٹ مرتب کر کے حکومت کو پیش کر سکے گی، لیکن اب اس میں خاصا وقت لگے گا کیونکہ آراء کے موصول ہونے کے بعد ان کا نکتہ وار تجزیہ ضروری ہوگا۔ اور اس کے بعد اگر ضروری سمجھا گیا تو کونسل تبادلہ خیال کی غرض سے ان میں سے بعض ماہرین قانون، علماء کرام اور اصحاب علم و فکر کو نکات کی توضیح و تشریح اور افہام و تفہیم کے لئے دعوت دے گی۔

© rasailojaraid.com

Fikr-o-Nasar (Islamabad) 20:9-10 (1983) © rasailojaraid.com

# ادارۂ تحقیقات اسلامی

# تعارف، اغراض و مقاصد اور دائرۂ کار

محمد میاں صدیقی :

غیر منقسم ہندوستان کے مسلمانوں نے طویل جدوجہد اور عظیم قربانیوں کے بعد ایک آزاد اور خود مختار مملکت حاصل کی، جسے پاکستان کا نام دیا گیا۔ پروفیسر کینٹ ول اسمتھ کے بقول، ہمارے زمانے میں ہندی اسلام کی عظیم، مہتم بالشان، اور قریب قریب متفق علیہ دینی تشکیل و تعبیر کا نام پاکستان ہے اور اس ریاست کا قیام اسلام کا ایک عملی مظاہرہ ہے۔ درحقیقت اسلام ہی پاکستان کی سیاسی معاشرتی اقتصادی اور نظریاتی عمارت کی خشتِ اول ہے اور اسلام کے بغیر پاکستان کا تصور محال ہے۔

قیام پاکستان کے بعد اس نوزائیدہ ریاست کو جن مشکلات اور دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اب وہ تاریخ کے اوراق کی زینت ہیں۔ جونہی مصیبت کے ایام گزرے اور قدرے اطمینان کی صورت پیدا ہوئی، سنجیدہ، متین اور غور و فکر کرنے کے عادی حلقوں میں یہ سوال ابھرا کہ پاکستان کو کس نوع کی ریاست کی حیثیت سے عالم اسلام میں خصوصاً اور اقوام عالم میں عموماً متعارف کرایا جائے یعنی پاکستان کا آئینی ڈھانچہ کن خطوط پر استوار کیا جائے حتیٰ کہ یہ سوال پاکستان کی حدود پھاند کر مغرب کے ان حلقوں تک جا پہنچا جو پاکستان کو اسلام کے ایک معمل کی حیثیت سے واقعات و حالات اور آئندہ کے تصورات کی کسوٹی پر پرکھنے کے متمنی تھے۔ ان کی نظروں میں ایران، عراق، مصر، شام، ترکی اور دیگر ممالک اسلامیہ کا نقشہ پوری آب و تاب اور صراحت کے ساتھ موجود تھا۔ وہ بڑے غور سے ان تمام حالات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کا مطالعہ کر رہے تھے جو پاکستان کے سیاسی اور مذہبی حلقوں میں ظہور پذیر ہو رہے تھے اور اس کے باشندوں کے مستقبل پر اثر انداز ہونے والے تھے۔

پاکستان کے ابتدائی دور کے ارباب اقتدار کو بھی یہ احساس شدت سے تھا کہ یہ نوزائیدہ آزاد و خود مختار ریاست اسلام کے نام پر حاصل کی گئی ہے اور اس کی آئینی تشکیل اسلام کے بنیادی اصول پر ہی ہوگی۔ اسی غرض سے پاکستان کے پہلے وزیر اعظم لیاقت علی خان نے تعلیمات اسلامی بورڈ کے قیام کا اعلان کیا جس کے صدر علامہ سید سلیمان ندوی مرحوم اور ارکان میں مفتی محمد شفیع، ڈاکٹر محمد حمید اللہ (حال مقیم پیرس) اور مفتی جعفر حسین شامل تھے۔ اس کے سیکرٹری مولانا ظفر احمد انصاری مقرر کئے گئے۔ بعض وجوہ کی بنا پر اس بورڈ کی رپورٹ شائع نہیں کی گئی اور نہ ہی اس کی مرتب کردہ سفارشات پر عمل کیا گیا۔ نظریاتی اختلافات کے باوجود ارباب دانش و اختیار برابر اس کوشش میں لگے رہے کہ پاکستان کا آئین اسلامی اقدار کی روشنی میں مرتب کیا جائے۔

اس خیال کے پیش نظر ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے جو ایک زمانہ میں وزیر تعلیم کے عہدہ پر فائز تھے اور آئین ساز اسمبلی کے رکن اور اس کی مقرر کردہ بنیادی اصولوں کی کمیٹی کے ممبر بھی تھے ۱۹۵۴ء میں یہ فیصلہ کیا کہ تعلیمات اسلامی بورڈ کی جگہ جو سید سلیمان ندوی کے انتقال کے اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ کے مستقل طور پر پیرس چلے جانے کے باعث ختم کر دیا گیا تھا ایک نئے ادارہ کی تشکیل کی جائے جو مستقل بنیادوں پر وہی فرائض انجام دے جو تعلیمات اسلامی بورڈ کو تفویض کئے گئے تھے۔ بالآخر فروری ۱۹۵۴ء میں ڈاکٹر قریشی کے زیر صدارت پشاور میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں پاکستان کے جملہ پانچ صوبوں کی وزارت ہائے تعلیم کے افسران اعلیٰ کے علاوہ ملک کے مشہور مفکر اور دانشور بھی شریک ہوئے۔ اس اجلاس میں کافی بحث و تمحیص کے بعد طے پایا کہ حکومت پاکستان کی وزارت تعلیمات کے زیر اہتمام ایک آزاد اور خود مختار ادارہ قائم کیا جائے جس کا نام مرکزی ادارہ تحقیقات اسلامی رکھا جائے۔ یہ ادارہ اپنے جملہ فرائض اور تحقیقاتی مشاغل و امور میں کلیۃً آزاد و مختار ہوگا صرف مالیاتی اعتبار سے وزارت تعلیمات اس کی نگرانی کرے گی چند در چند وجوہ کی بنا پر جن میں ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کی وزارت سے علیحدگی بھی شامل تھی یہ ادارہ جلد قائم نہ ہو سکا۔ اس دوران ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کولمبیا یونیورسٹی (نیویارک) میں "پاکستانیات" کے سفری پروفیسر کی حیثیت سے امریکہ چلے گئے۔ مرحوم ممتاز حسن نے اس ادارہ کے قیام میں دلچسپی کا اظہار کیا اور سیکرٹری وزارت مالیات کی حیثیت سے اس تجویز کو عملی شکل دینے میں قابل تعریف کردار ادا کیا۔ تمام دفتری اور انتظامی مراحل طے ہوجانے کے بعد بالآخر اکتوبر ۱۹۵۴ء میں مولانا عبدالعزیز میمن کا تقرر ادارہ کے پہلے منصرم کی حیثیت سے عمل میں آیا۔ ان کے فرائض میں ادارہ کے لئے ایک اعلیٰ درجہ کا کتب خانہ قائم کرنا بھی شامل تھا تاکہ تحقیقی کام کا آغاز کرنے سے قبل وہ مواد جمع کیا جاسکے جو اس نوع کے کام کے لئے ضروری تھا۔ مولانا عبدالعزیز میمن کو اسی غرض سے وزارت تعلیمات نے ممالک عربیہ بشمول ہندوستان کے سفر پر بھیجا تاکہ وہ گھوم پھر کر اور مختلف کتب خانوں میں جا کر ادارہ کے لئے بنیادی کتابیں فراہم کریں۔ مولانا میمن دو یا تین مرتبہ ان مہماتی سفروں پر گئے اور حق یہ ہے کہ انہوں نے اپنے تبحر علمی سے کام لے کر ادارہ کے کتب خانے کے لئے عمدہ سے عمدہ کتابیں جمع کرنے کی سعی بلیغ کی جن میں بعض بے حد کمیاب بلکہ نایاب نسخے شامل تھے۔ کتب خانہ کی دیکھ بھال کے لئے جناب ابوالقاسم محمد الانصاری کا تقرر عمل میں آیا۔ اس دوران ادارہ کے کتب خانہ میں بتدریج اضافہ ہوتا رہا۔ کچھ عرصہ کے بعد انصاری صاحب کی جگہ مولانا عبدالقدوس ہاشمی ندوی کا تقرر ہوا۔

۱۹۶۰ء میں ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی کا تقرر پہلے بااختیار اور ہمہ وقتی ڈائریکٹر کی حیثیت سے عمل میں آیا اور انہیں ادارہ کو باقاعدہ خطوط پر منظم کرنے کا فرض سونپا گیا۔ چنانچہ ۱۹۶۱ء کے اوائل میں ریسرچ عملہ کا تقرر عمل میں آیا۔ اس وقت تک ادارہ تنظیم نو کے مراحل سے گزر رہا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد طے پایا کہ جب تک ادارہ کا ریسرچ اسٹاف خاص موضوعات پر اپنی تحقیقات کے نتائج مرتب کرے، ادارہ کی جانب سے ایک سہ ماہی تحقیقی مجلہ کا اجرا کیا جائے۔

مقالات بھیجنے کے لئے فضلاء وقت کو جو دعوت نامے ادارہ کی جانب سے ارسال کئے گئے ان میں ادارہ کے اغراض و مقاصد بیان کرتے وقت یہ صراحت کی گئی تھی کہ اس ادارہ کا قیام بدیں غرض عمل میں آیا ہے کہ عصر جدید کے مسائل کا حل اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں تلاش کیا جائے۔ ایک استفسار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے جواب میں ادارہ کے اس وقت کے ڈائریکٹر جن کی حیثیت محرک و مجوز اول کی تھی ڈاکٹر اشتیاق حسین قریشی نے واضح اور غیر مبہم الفاظ میں لکھا کہ اس ادارہ کا کام دارالافتاء کی حیثیت سے اپنے فرائض کو انجام دینا نہیں ہے بلکہ اس کی حیثیت محض ایک مشاورتی ادارہ کی ہوگی جو ان مسائل پر جن سے آج مسلمانان عالم بالعموم اور مسلمانان پاکستان بالخصوص دوچار ہیں اسلامی تعلیمات اور فقہا و علماء سلف کے فتاوٰی کی روشنی میں اپنی سوچی سمجھی رائے کا اظہار کرے گا اسی بنیادی اصول کو بعد میں باقاعدہ تسلیم کرکے قانونی اور آئینی شکل دے دی گئی اور آئین پاکستان مجریہ ۱۹۶۲ء میں شامل ایک دفعہ کی رو سے ایک اسلامی مشاورتی کونسل کا قیام عمل میں آیا۔ جس کو ادارہ ان موضوعات و مباحث یا مسودہ ہائے قوانین کے سلسلہ میں جو اسے حکومت کی جانب سے آئین ساز اسمبلی کے ذریعے بھیجے جائیں وقتاً فوقتاً مشورے دیتا رہے گا۔ چنانچہ اسلامی مشاورتی کونسل کی جانب سے جس کے ایک رکن خود ڈائریکٹر ادارہ باعتبار عہدہ ہوتے تھے کئی مسائل بھیجے گئے جن پر ادارہ کا ماہرانہ مشورہ طلب کیا گیا تھا، ان مسائل میں ربا خاص طور پر شامل تھا جو آج تک ایک تسلی بخش حل کی تلاش میں ہے۔

ادارہ کے انگریزی سہ ماہی مجلہ اسلامک اسٹڈیز نے بہت جلد اپنے گراں مایہ تحقیقی و علمی مقالات کے سبب علمی دنیا میں اپنا ایک خاص مقام پیدا کر لیا اور اکناف و اطراف عالم سے سرآوردہ اور نامور فضلاء نے اس کے پہلے دو شماروں کے لئے اپنے وقیع اور بلند پایہ مقالات بھیجے اور ان شماروں پر جن حوصلہ افزا خیالات و آراء کا اظہار کیا اور دنیا بھر کے وقیع علمی مجلات نے جو تحسینی کلمات اپنے اپنے تبصروں میں مجلہ کے لئے استعمال کئے ان کا خلاصہ ادارہ کی جانب سے ایک فولڈر کی شکل میں مدت ہوئی شائع ہو چکا ہے۔

اس سہ ماہی مجلہ کے پہلو بہ پہلو اردو میں ایک ماہنامہ "فکر و نظر" کے نام سے جاری کیا گیا تاکہ پاکستان و ہند کے مسلمان اور ان ممالک میں آباد مسلمان جہاں اردو سمجھی جاتی ہے زیادہ سے زیادہ تعداد میں اسلامی افکار و آراء اور تعلیمات سے بہرہ مند ہو سکیں۔ مسلسل انیس سال سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"فکر و نظر" یہ خدمت بحسن وخوبی انجام دے رہا ہے۔ اس کے سب سے پہلے مدیر جناب عمر احمد عثمانی مقرر ہوئے ان کے بعد یہ خدمت جناب قدرت اللہ فاطمی کے سپرد ہوئی پھر کچھ عرصہ تک پروفیسر محمد سرور اور مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی اس کے مدیر رہے، پانچ سال تک ڈاکٹر شرف الدین اصلاحی نے ادارت کے فرائض انجام دیئے اور اب ڈیڑھ برس سے اس کی ادارت ڈاکٹر محمد سعود کے ذمہ ہے۔

انگریزی مجلہ کی ادارت، ادارہ کے سینئر رکن پروفیسر مظہر الدین صدیقی کے ذمہ ہے، اور الدراسات الاسلامیہ کی ادارت کے فرائض جناب محمود احمد غازی انجام دے رہے ہیں۔

گزشتہ کئی سال سے ادارہ کے سربراہ ملک کے ممتاز ماہر تعلیم و دانشور اور نیشنل پروفیسر جناب ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوتا ہیں۔ ادارہ ان کی نگرانی میں اپنی علمی و تحقیقی سرگرمیوں کو جاری رکھے ہوئے ہے۔

## اغراض و مقاصد

پاکستان کے قیام کے دو سال بعد پاکستان کی ریاست کے اغراض و مقاصد کا تعین کرنے کے لئے قرارداد مقاصد منظور کی گئی جو بعد کے مختلف آئینوں میں دیباچے کے طور پر شامل رہی، ان مقاصد میں دو اہم مقاصد یہ تھے:

۱۔ جمہوریت، حریت، مساوات، رواداری اور سماجی انصاف کے اصول کو جیسا کہ اسلام نے وضاحت کی ہے، عملی جامہ پہنایا جائے گا (دفعہ ۲)

۲۔ قرآن و سنت میں جن اسلامی تعلیمات و مقتضیات کا بیان ہے مسلمانوں کو ان کے مطابق زندگی بسر کرنے کے قابل بنایا جائے گا۔ (دفعہ ۳)

یہی دو دفعات آگے چل کر ادارہ تحقیقات اسلامی کے قیام کی مقتضی ہوئیں، دفعہ ۲ میں مذکورہ پانچ اسلامی اقدار کی عملی تعبیرات اور قرآن و سنت کی روشنی میں اسلامی تعلیمات اور تقاضوں کی وضاحت کے لئے ایک تحقیقی ادارہ کا وجود لازمی تھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کے اغراض و مقاصد کی نشان دہی میں بھی انہی دو دفعات کو بنیادی حیثیت حاصل رہی۔

مختصراً یہ کہ ۱۹۶۲ء کے آئین میں اصولی طور پر ادارہ تحقیقاتِ اسلامی کے قیام کا مقصد یوں معین کیا گیا:

یہ ادارہ اسلامی تحقیق اور اسلامی تعلیم کے کام میں مصروف رہ کر صحیح اسلامی بنیادوں پر مسلم معاشرہ کی تعمیر نو میں مدد دے گا۔

تحقیق میں ادارہ مندرجہ ذیل رہنما اصول کی پیروی کرتا ہے:

۱۔ اصول اور کلیات کی روشنی میں اسلام کی عقلی تعبیر پیش کرنا، اور دیگر باتوں کے علاوہ اسلام کے بنیادی تصورات مثلاً عالمی اخوت، رواداری، اور سماجی انصاف پر زور دینا۔

۲۔ اسلام کی تعلیم کو اس انداز سے پیش کرنا کہ موجودہ زمانے کی ذہنی اور سائنسی ترقی کے پس منظر میں اسلام کا عملی کردار نمایاں ہو سکے۔

۳۔ فکرِ انسانی، سائنس اور تہذیب و ثقافت کو آگے بڑھانے میں اسلام نے جو کارنامہ انجام دیا ہے، تحقیق کے ذریعہ اس کو منظرِ عام پر لانا تاکہ مسلمان ان میدانوں میں دوبارہ نمایاں مقام حاصل کر سکیں۔

۴۔ اسلامی تاریخ، فلسفہ، قانون، اور اصولِ قانون وغیرہ میں تحقیق کے کام کی تنظیم، اور حوصلہ افزائی کے لئے مناسب تدبیریں اختیار کرنا۔

## تحقیق کے شعبے:

تحقیق کے کام کو منظم کرنے کے لئے متعدد شعبے قائم کئے گئے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک شعبہ ایک سینئر اسکالر کی نگرانی میں کام کرتا ہے۔

شعبوں کی تفصیل حسب ذیل ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۱۔ القرآن۔ (تفسیر، علوم قرآن)

۲۔ السنۃ

۳۔ قانون و اصول قانون (فقہ و اصول فقہ)

۴۔ سیرت و تاریخ

۵۔ فقہ جعفری و فارسی ادبیات

۶۔ عمرانیات

۷۔ تاریخ و فلسفہ و سائنس

۸۔ معاشیات و معاشی تاریخ

۹۔ عالم اسلام کے مسائل حاضرہ

۱۰۔ حوالہ و استفسار

۱۱۔ تراجم

۱۲۔ عربی زبان و ادب

۱۳۔ مطالعہ تقابل ادیان

## مجلات:

ادارہ تین مجلات شائع کرتا ہے، جن میں سے بطور خاص عربی اور انگریزی کے مجلات اکثر مشرقی اور مغربی ملکوں کے علمی و تحقیقی اور تعلیمی اداروں میں جاتے ہیں۔

۱۔ فکر و نظر۔ ماہنامہ (اردو)

۲۔ الدراسات الاسلامیہ۔ دو ماہی (عربی)

۳۔ اسلامک اسٹڈیز۔ سہ ماہی (انگریزی)

## تراجم مصادرِ قانونِ اسلامی

موجودہ حکومت ملک میں نفاذِ اسلام کی جو جدوجہد کر رہی ہے، اس میں ہاتھ بٹانے کی خاطر ادارہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نے تقریباً دو سال قبل "تراجم مصادرِ قانون اسلامی" کے نام سے ایک نیا شعبہ قائم کیا۔ اور قانون اسلامی کی بنیادی کتب سے (جو کہ عربی میں ہیں) ان متعلقہ ابواب کو اردو میں منتقل کرنا شروع کیا جن کے بارے میں قوانین کا نفاذ ہو چکا ہے یا زیرِ غور ہے۔

حسب ذیل کتب شائع ہو چکی ہیں :

۱۔ حدود و تعزیرات

۲۔ قصاص و دیت

۳۔ اصول الکرخی

زیرِ طبع کتب :

۱۔ ربوا و مضاربۃ

۲۔ ادب القاضی، شہادت و دعویٰ۔

۳۔ حدود و تعزیرات۔ (فقہ جعفری)

۴۔ قصاص و دیت (فقہ جعفری)

زیرِ تالیف و ترجمہ کتب :

۱۔ زکوٰۃ و عشر۔ نظام بیت المال

۲۔ شفعہ و بیوع

۳۔ حوالہ، کفالہ و رہن

۴۔ ادب القاضی۔ (عدالتی نظام)

## شعبہ دعوت و ارشاد

بلند پایہ علمی و تحقیقی کتابوں کے علاوہ، تبلیغی نقطۂ نظر سے اردو اور انگریزی میں آسان اور عام فہم کتابیں، کتابچے، اور مختصر مقالات ادارہ کے شعبۂ دعوت و ارشاد کے تحت شائع کئے جاتے ہیں اور ایسا تمام لٹریچر مناسب اداروں اور افراد کو بلا قیمت پیش کیا جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شعبۂ دعوت وارشاد کے تحت کم وبیش بیس کتابیں/کتابچے/مقالات شائع کئے جاچکے ہیں۔

## شعبہ قانون :

ادارے کے شعبۂ قانون کو پاکستان کے مجموعہ قوانین کو اسلام سے ہم آہنگ کرنے کی اہم ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ ادارہ اس سلسلے میں اسلامی نظریہ کی مشاورتی کونسل کو مندرجہ ذیل مسائل پر اپنی سوچی ہوئی رائے دے چکا ہے۔

(الف) مسلم عائلی قوانین کا آرڈیننس۔

(ب) بحری کسٹم ایکٹ

(ج) ٹریڈر۔ ٹروو ایکٹ ۱۹۷۸ء

(د) افیون کا ایکٹ

(ھ) قانون شہادت

(و) مغربی پاکستان مسلم شریعت ترمیمی بل ۱۹۶۷ء

(ز) پاکستانی مجموعہ قوانین ۳

(ح) قانون ازدواج ۱۸۷۲

(ط) مالیہ کی وصولی ایکٹ ۱۸۹۶

(ی) ولی اور زیر ولایت ایکٹ ۱۸۹۰

(ک) دفعات عمومی ایکٹ ۱۸۹۷

(ل) کوڑھیوں کا ایکٹ ۱۸۹۸

(م) ڈاکخانہ ایکٹ ۱۸۹۸

(ن) ضابطہ فوجداری ۱۸۹۸

قانونی تحقیق کو بھی تقابلی تناظر میں برابر کی اہمیت دی گئی ہے۔ اس پالیسی کے بموجب ادارے نے کوشش کی ہے کہ دوسرے ملکوں کی علمی اور تحقیقاتی تنظیموں کے ساتھ رابطہ قائم کیا جائے۔ اس ضمن میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مندرجہ ذیل ملکوں کے نام لئے جا سکتے ہیں۔

ایران، عراق، کویت، سعودی عرب، تیونس، سنیگال، انڈونیشیا، ملائیشیا، نائیجیریا، برطانیہ اور کناڈا مسلم ممالک میں فقہ کا نشو و ارتقاء ادارے کے لئے خاص دلچسپی کا موضوع ہے۔ ادارے کے شعبۂ قانون نے ان ممالک کے اہل علم اور ماہرین قانون کے ساتھ قریبی تعلق قائم رکھا ہے۔

## مطبوعات

ادارہ کا مستقل شعبۂ مطبوعات ہے، ادارہ کے رفقا رکی تصنیف/تالیف/ترجمہ کی ہوئی اور بعض دوسرے اہل علم کی لکھی ہوئی جو کتابیں اب تک ادارہ کی طرف سے شائع کی گئی ہیں، ان کی تعداد کم وبیش ساٹھ ہے۔ یہ کتابیں اردو، عربی اور انگریزی زبانوں میں ہیں۔

## کتب خانہ

کسی بھی علمی ادارہ کے لئے جو اختصاصی ریسرچ کے لئے وقف ہو جیسا کہ ہمارا ادارہ ہے، ناگزیر ہے کہ اس کے پاس اپنا کتب خانہ ہو جس میں تحقیق اور حوالہ سے متعلق ہر قسم کا مواد موجود ہو۔

ادارہ کا کتب خانہ بنیادی طور پر اس مقصد کو سامنے رکھ کر قائم کیا گیا ہے کہ اپنے اسکالرز کی علمی ضروریات کو پورا کرے جو اسلامی علوم میں تحقیق کر رہے ہیں۔ اس کتب خانہ میں اسلام پر بنیادی اور اہم کتابوں کے جمع کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔ چنانچہ ادارہ کا کتب خانہ حسب ذیل موضوعات پر وسیع مواد سے معمور ہے:

قرآن، علومِ قرآن، تفسیر

حدیث، علوم حدیث، شروح

سیرۃ طیبہ (صلی اللہ علی صاحبہا وسلم)

فقہ، اصولِ فقہ

تاریخِ اسلام، عمومی تاریخ

اسلامی قانون، قانونِ عام

© rasailojaraid.com